# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism " پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: مطالعہ سیرت مکی ومدنی دور (3901) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ

## ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1 - تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2 - سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3 - ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

والسلام

کورس رابطہ کار

پروفیسر ڈاکٹر شاہ معین الدین ہاشمی

# امتحانی مشق نمبر1

## (یونٹ نمبر1-5)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر1۔ | حلف الفضول کے مقاصد اور اس کے سماجی اثرات کو مد نظر رکھتے ہوئے، نبی کریم ﷺ کے اس معاہدے کے بارے میں خیالات کو کس طرح اسلامی اصولوں سے جوڑا جا سکتا ہے؟ | (20) |
| سوال نمبر2۔ | رسول اللہ ﷺ کے ابتدائی تین سالہ خفیہ دعوتی دور کے بعد علی الاعلان دعوت دینے کا حکم کن قرآنی آیات کے ذریعے دیا گیا، اور ان آیات کے نزول کے بعد آپ ﷺ نے دعوت کو عام کرنے کے لیے کون سے اقدامات اٹھائے؟ | (20) |
| سوال نمبر3۔ | حضرت بلال بن رباحؓ کو امیہ بن خلف نے کن مظالم کا نشانہ بنایا؟ ان کی ثابت قدمی اور حضرت ابو بکر صدیقؓ کی جانب سے ان کی رہائی کی تفصیل بیان کریں۔ | (20) |
| سوال نمبر4۔ | نبی کریم ﷺ نے حضرت علیؓ کو ہجرت کی رات کیا ذمہ داری سونپی؟ کفار مکہ نے نبی کریم ﷺ کے گھر پر حملے کا منصوبہ کیسے بنایا اور اللہ تعالی نے انہیں کس طرح اندھا کر دیا؟ | (20) |
| سوال نمبر5۔ | مسلمانوں کو مکہ میں کس طرح کے مظالم اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑا؟ ان مظالم کے باوجود ان کے صبر و استقامت کی چند مثالیں دیں۔ | (20) |

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ نمبر6-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر1۔ | حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی قید اور فدیہ کے معاملے میں نبی کریم ﷺ کا رویہ کیا تھا اور اس واقعے نے ان کی نبوت کی سچائی پر کس طرح اثر ڈالا؟ | (20) |
| سوال نمبر2۔ | عبد اللہ بن ابی اور اس کے پیروکاروں کی منافقت کے مظاہر غزوہ مریسیع کے دوران کس طرح ظاہر ہوئے؟ اس موقع پر حضرت عبد اللہ بن ابی بن سلول کے قول 'مدینہ پہنچ کر عزت والا ذلت والے کو نکال دے گا' کے خلاف اس کے بیٹے حضرت عبد اللہ بن عبد اللہ بن ابی کا کیا ردعمل تھا اور اس سے اسلامی معاشرتی اصولوں کا کیا درس ملتا ہے؟ | (20) |
| سوال نمبر3۔ | حدیبیہ کے مقام پر طے پانے والے معاہدہ کی شرائط کیا تھیں؟ مسلمانوں نے ان شرائط کو کیوں قبول کیا؟ | (20) |
| سوال نمبر4۔ | نبی کریم ﷺ کا مکہ میں داخلہ کس انداز میں ہوا؟ اس موقع پر آپ ﷺ نے کون سی آیات کی تلاوت فرمائی؟ | (20) |
| سوال نمبر5۔ | سریہ اسامہ بن زیدؓ کا پس منظر، اس کی تیاری اور نبی اکرم ﷺ کی وفات سے اس پر ہونے والے اثرات کا تفصیل سے تجزیہ کریں۔ | (20) |